# NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

SANOFI

Notice is hereby given that the 50th Annual General Meeting of the Company will be held on Thursday, 26th April, 2018 at 14:00 hours at Beach Luxury Hotel, Moulvi Tamizuddin Khan Road, Karachi to transact the following business:

## ORDINARY BUSINESS:

1. To confirm the minutes of the last Annual General Meeting held on 25th April, 2017.
2. To receive and adopt the Balance Sheet and Profit & Loss Account for the year ended 31st December, 2017 together with the Directors' and Auditors' reports thereon.
3. To approve and declare dividend on the ordinary shares of the company. The directors have recommended a cash dividend of Rs. 45 (450%) per share.
4. To appoint external auditors for the year ending 31st December, 2018 and to fix their remuneration. The present auditors, M/s. EY Ford Rhodes, Chartered Accountants being eligible, have offered themselves for re-appointment. The Audit Committee and Board of Directors have also recommended appointment of M/s. EY Ford Rhodes, Chartered Accountants as Auditors for the year ending 31st December, 2018.
5. To transact any other business with the permission of the Chair.

Karachi, April 4, 2018

By Order of the Board

**Yasser Pirmuhammad**
Company Secretary

## NOTES:

1. The Share Transfer Books of the Company shall remain closed from 20th April, 2018 to 26th April, 2018 (both days inclusive). Transfers received at Company's Share Registrar namely FAMCO ASSOCIATES (PVT) LTD, 8-F, Near Hotel Faran, Nursery, Block 6, P.E.C.H.S, Shahra-e-Faisal, Karachi, by the close of business on April 19, 2018 will be considered in time for the purpose of payment of final dividend to the transferees.
2. A member entitled to attend and vote at the above meeting may appoint a proxy to attend and vote on his behalf. No person shall act as a proxy (except for a corporation) unless he is entitled to be present and vote in his own right. Instrument appointing proxy must be deposited at the registered office of the Company at least 48 hours before the time of the Meeting.
3. The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.
4. Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.
5. The proxy shall produce his original CNIC or original passport at the time of the meeting.
6. In case of corporate entity, the Board of Directors resolution/power of attorney with specimen signature shall be submitted along with proxy form to the company.
7. Shareholders whose shares are deposited with Central Depository Company (CDC) are requested to bring their original CNIC and account number in the CDC for verification.
8. In case of a corporate entity the Board of Directors' resolution/Power of Attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of meeting.
9. Shareholders holding shares in physical form are requested to notify the change of their addresses, if any and provide the copy of their CNIC to Share Registrar, FAMCO ASSOCIATES (PVT) LTD, 8-F, Near Hotel Faran, Nursery, Block 6, P.E.C.H.S, Shahra-e-Faisal, Karachi, if not already provided. Those holding shares in electronic form with CDC must notify change of address to their participants or CDC Investor Accounts Services with whom account is maintained.
10. CDC account holders will further have to follow the guidelines as laid down in Circular No.1, dated 26 January 2000 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan for attending the meeting and appointment of proxies.
11. Annual Audited Financial Statements of the Company for the financial year ended December 31, 2017 have been uploaded on the Company's website i.e. www.sanofi.com.pk.
12. Members are hereby informed that pursuant to SECP's S.R.O. 787(1)/2014 dated September 8, 2014 regarding electronic transmission of Annual Report, we have uploaded the request form on our Company's website. Members who want to avail this facility are requested to submit the request form duly filled to the Share Registrar.
13. In accordance with the requirement of Section 242 of the Companies Act, 2017 and Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017, shareholders are requested to provide their CNIC and bank account detail including name of the bank, address of bank branch and International Bank Account Number (IBAN) to receive their cash dividend directly into their bank account instead of receiving it through dividend warrants. Therefore, all individual members who have not yet provided their CNIC and Bank Account details are requested to submit a copy of their CNIC and duly filled Dividend Bank Mandate form to the Share Registrar, if they hold shares in physical form or to CDC participants where they hold their shares in electronic form. The dividend mandate form has been uploaded on our Company's website www.sanofi.com.pk/investor.html. **In the absence of valid bank account details and CNIC, dividend amount will be withheld in compliance with the aforementioned provisions of Companies Act and Regulations.**
14. Deduction of Income Tax from Dividend under Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001:

    i) The Government of Pakistan through Finance Act, 2017 has made certain amendments in Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 whereby different rates are prescribed for deduction of withholding tax on the account of withholding tax on the amount of dividend paid by the companies. These tax rates are as under:

    a) For filers of income tax returns: 15%
    b) For non-filers of income tax returns: 20%

    To enable the company to make tax deduction on the amount of cash dividend at 15% instead of 20% all the shareholders whose names are not entered into the Active Tax-payers List (ATL) provided on the website of FBR despite the fact that they are filers, are advised to make sure that their names are entered into ATL before the first day of book closure, otherwise tax on their cash dividend will be deducted at 20% instead of 15%.

    ii) Withholding Tax exemption from the dividend income, shall only be allowed if copy of valid tax exemption certificate is made available to FAMCO ASSOCIATES (PVT) LTD., by the first day of book closure.

    iii) The corporate shareholders having CDC accounts are required to have their National Tax Number (NTN) updated with their respective participants, whereas corporate physical shareholders should send a copy of their NTN certificate to the company or FAMCO ASSOCIATES (PVT.) LTD. The shareholders while sending NTN or NTN certificates, as the case may be, must quote company name and their respective folio numbers.

    iv) Further, according to clarification received from Federal Board of Revenue (FBR), withholding tax will be determined separately on 'Filer/Non-Filer' status of Principal shareholder as well as joint-holder(s) based on their shareholding proportions, in case of joint accounts.

    In this regard all shareholders, either holding shares in physical form or in CDC, who hold shares jointly are requested to provide shareholding proportions of Principal shareholder and Joint-holder(s) in respect of shares held by them (only if not already provided) to our Share Registrar, in writing as follows:

| Company Name | Folio/CDS Account # | Total Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | Name and CNIC # | Shareholding Proportion (No. of Shares) | Name and CNIC # | Shareholding Proportion (No. of Shares) |

    The required information must reach our Share Registrar within 10 days of this notice; otherwise it will be assumed that the shares are equally held by Principal shareholder and Joint Holder(s).

15) Pursuant to SECP Circular No 10 of 2014 dated May 21, 2014, if the Company receives consent from members holding in aggregate 10% or more of shareholding residing in a geographical location to participate in the meeting through video conferencing at least 10 days prior to the date of Annual General Meeting, the Company will arrange video conferencing facility in that city subject to availability of such facility in that city. To avail this facility please provide the following information to the Share Registrar Office of the Company i.e. FAMCO ASSOCIATES (PVT.) LTD 8-F, near Hotel Faran, Nursery, Block 6, P.E.C.H.S, Shahra-e-Faisal, Karachi and email address info.shares@famco.com.pk.

I/We, being member(s) of sanofi-aventis Pakistan Limited, holder of Ordinary Shares(s) as per Register Folio No. ________ hereby opt for video conference facility at (Please insert name of City)

____________________
Signature of member

16) For any query/problem/information, the investors may contact the Company Secretary at phone: 92 21 35060221 and email address company.secretary@sanofi.com and/or FAMCO ASSOCIATES (PVT.) LTD. at phone 021-34380101-5 and email address: info.shares@famco.com.pk.

**sanofi-aventis Pakistan limited**
Plot 23, Sector 22, Korangi Industrial Area, Karachi-74900.
Tel: +92-21-3506 0221-35, - www.sanofi.com.pk

SANOFI

# نوٹس برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کا پچاسواں سالانہ اجلاسِ عام بروز جمعرات، بتاریخ ۲۶ اپریل ۲۰۱۸ء بوقت ۲ بجے دوپہر بمقام بیچ لگژری ہوٹل، مولوی تمیزالدین خان روڈ، کراچی پر درجِ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد کیا جائے گا:

**عمومی امور:**

۱۔ گزشتہ اجلاسِ عام منعقدہ ۲۵ اپریل، ۲۰۱۷ کی کارروائی کی توثیق۔

۲۔ ۳۱ دسمبر ۲۰۱۷ء کو ختم شدہ سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ حسابات اوران پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غوروخوض اور منظوری۔

۳۔ کمپنی کے عمومی شیئرز پر منافع منقسمہ کی منظوری اور اعلان۔ ڈائریکٹرز نے ۴۵ روپے (۴۵۰ فیصد) فی شیئر کے حساب سے نقد منافع منقسمہ کی سفارش کی ہے۔

۴۔ ۳۱ دسمبر ۲۰۱۸ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے آڈیٹرز کا تقرر اوران کے مشاہرے کا تعین۔ سبکدوش آڈیٹرز میسرز EY فورڈ رہوڈز، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے دوبارہ تقرری کے لیے اپنی خدمات پیش کی ہیں۔ آڈٹ کمیٹی اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے بھی ۳۱ دسمبر ۲۰۱۸ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے میسرز EY فورڈ رہوڈز، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی بطور آڈیٹرز تقرری کی سفارش کی ہے۔

۵۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی دیگر کاروبار پر غور۔

بحکم بورڈ

یاسر پیر محمد
کمپنی سیکریٹری

کراچی، ۴ اپریل ۲۰۱۸ء

تصریحات:

۱۔ کمپنی کے حصص کی منتقلی کا رجسٹر مورخہ ۲۰ اپریل ۲۰۱۸ء سے ۲۶ اپریل ۲۰۱۸ء تک (بشمول دونوں دن) بند رہے گا۔ ۱۹ اپریل، ۲۰۱۸ء کو کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8-F، ہوٹل فاران کے برابر، نرسری، بلاک ۶، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی پر موصول ہونے والی حصص کی منتقلی کو حتمی منافع منقسمہ کی ادائیگی کے لیے بروقت قرار دیا جائے گا۔

۲۔ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کرنے اور ووٹ کا استحقاق رکھنے والا کوئی بھی رکن اپنے عوض اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے کسی نمائندے کو مقرر کرسکتا ہے۔ کوئی بھی شخص عیوضی کے طور پر عمل نہیں کرے گا (کارپوریشن کے علاوہ) یہاں تک کہ وہ خود حاضر ہونے اور اپنے ووٹ کے استحقاق پر عمل کرنے کا اہل ہو۔ عیوضی کے مؤثر ہونے کے لیے ہر لحاظ سے درست اطلاع نامہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس شروع ہونے سے کم از کم ۴۸ گھنٹے پہلے موصول ہونا چاہیے۔

۳۔ عیوضی کے فارم پر دو گواہوں کی ضرورت ہوگی جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبرز فارم میں درج ہوں گے۔

۴۔ عیوضی مقرر کرنے والوں اور عیوضی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل پراکسی فارم کے ساتھ منسلک ہونی چاہئیں۔

۵۔ عیوضی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

۶۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی دستخطوں کے نمونوں کے ساتھ کمپنی کے پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرائے جائیں گے۔

۷۔ سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (CDC) کے حامل حصص یافتگان سے گزارش ہے کہ اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC) اور CDC اکاؤنٹ نمبر تصدیق کے لیے اپنے ساتھ لائیں۔

۸۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی اور نامزد کردہ شخص کے دستخط کے نمونے اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوں گے (اگر وہ پہلے سے فراہم نہ کیے گئے ہوں)۔

۹۔ فزیکل فارم میں شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ پتے کی تبدیلی کی صورت میں، فوری طور پر شیئر رجسٹرار، فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8-F، ہوٹل فاران کے برابر، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی کو سی این آئی سی کی کاپی کے ہمراہ اطلاع دیں۔ CDC میں شیئرز رکھنے کی صورت میں یہ اطلاع CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو دیں۔

۱۰۔ CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید برآں اجلاس میں شرکت اور عیوضی کے تقرر کے لیے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر ۱، بتاریخ ۲۶ جنوری ۲۰۰۰ء کے رہنما اصولوں پر عمل درآمد کرنا ہوگا۔

۱۱۔ ۳۱ دسمبر، ۲۰۱۷ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کمپنی کی ویب سائٹ www.sanofi.com.pk پر دستیاب ہیں۔

۱۲۔ ممبرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ایس ای سی پی کے مورخہ ۸ ستمبر، ۲۰۱۴ء کو جاری ہونے والے ایس آر او ۲۰۱۴/(۱)۷۸۷ کی تعمیل میں سالانہ رپورٹ کی الیکٹرونک وسائل سے ترسیل کے لیے درخواست فارم ہم نے اپنی کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کردیا ہے۔ ممبرز جو یہ سہولت حاصل کرنا چاہتے ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا فارم مکمل کرکے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کرائیں۔

۱۳۔ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۴۲ اور کمپنیز (منافع منقسمہ کی تقسیم) کے ضوابط، ۲۰۱۷ کے مطابق حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا سی این آئی سی اور بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات بشمول بینک کا نام، بینک برانچ کا پتہ، اور انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) فراہم کریں تاکہ وہ اپنا نقد منافع منقسمہ ڈیویڈنڈ وارنٹس کے ذریعے وصول کرنے کے بجائے براہِ راست اپنے بینک اکاؤنٹ میں حاصل کرسکیں۔ اس لیے تمام انفرادی ممبرز جنھوں نے ابھی تک اپنے سی این آئی سی اور بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات فراہم نہیں کی ان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے سی این آئی سی کی نقل اور ڈیویڈنڈ بینک مینڈیٹ فارم مکمل کرکے شیئر رجسٹرار کو جمع کرائیں، اگر ان کے پاس فزیکل شیئرز ہیں یا وہ سی ڈی سی کے حامل ہیں اور وہ اپنے حصص الیکٹرونک فارم کے تحت رکھتے ہیں تو یہ معلومات CDC کو جمع کرائیں۔ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم ہماری کمپنی کی ویب سائٹ www.sanofi.com.pk/investor.html پر اپ۔لوڈ کردیا گیا ہے۔ **بینک اکاؤنٹ اور سی این آئی سی تفصیلات کی غیر موجودگی میں کمپنیز ایکٹ کے ضوابط کے تحت منافع منقسمہ کی رقم روک لی جائے گی۔**

۱۴۔ منافع منقسمہ میں سے انکم ٹیکس کی کٹوتی انکم ٹیکس آرڈیننس، ۲۰۰۱ کے سیکشن ۱۵۰ کے تحت ہوگی:

i) حکومتِ پاکستان نے فنانس ایکٹ، 2017 کے تحت انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 150 میں کچھ ترامیم کی ہیں جن کے مطابق کمپنیز کی جانب سے منافع منقسمہ پر ودہولڈنگ ٹیکس کی مد میں ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کی مجوزہ شرح میں تبدیلی کی گئی ہے۔ ٹیکس کی شرح درجِ ذیل ہے:

الف) انکم ٹیکس کے گوشوارے جمع کرانے والوں کے لیے: 15%

ب) انکم ٹیکس کے گوشوارے جمع نہ کرانے والوں کے لیے: 20%

کمپنی کو اس بات کا اہل بنانے کے لیے کہ نقد منافع منقسمہ پر 20% کے بجائے 15% ٹیکس کٹوتی کی جائے، تمام ایسے شیئر ہولڈرز جن کے نام گوشوارے جمع کرانے کے باوجود ایف بی آر کی ویب سائٹ پر دستیاب ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) میں شامل نہیں ہیں، انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ کمپنی کے شیئرز کی منتقلی کا رجسٹر بند ہونے کی تاریخ سے قبل اپنے ناموں کو اے ٹی ایل میں شامل کرانے کو یقینی بنائیں، بصورتِ دیگران کے نقد منافع منقسمہ پر ٹیکس کٹوتی 15% کی بجائے 20% فیصد کی جائے گی۔

ii) منافع منقسمہ کی آمدنی پر ودہولڈنگ ٹیکس سے استثنیٰ صرف اس صورت میں ہوگی کہ فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس شیئرز کی منتقلی کے رجسٹر کی بندش کے پہلے روز ٹیکس سے استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ فراہم کردیا جائے۔

iii) سی ڈی سی اکاؤنٹس کے حامل کارپوریٹ شیئر ہولڈرز اپنے نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این) بمع اپنے متعلقہ شریکِ کار، جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی نقل کمپنی یا فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو لازمی طور پر ارسال کریں۔ شیئر ہولڈرز اپنے این ٹی این یا این ٹی این سرٹیفکیٹس (جو بھی مناسب ہو) ارسال کرتے وقت کمپنی کا نام اور متعلقہ فولیو نمبرز کا ذکر لازمی طور پر کریں۔

iv) علاوہ ازیں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے موصول شدہ وضاحت کے مطابق، ودہولڈنگ ٹیکس کا اطلاق انکم ٹیکس کے گوشوارے جمع کرانے والوں / انکم ٹیکس کے گوشوارے جمع نہ کرانے والوں پر، بنیادی شیئر ہولڈر کے ساتھ ساتھ مشترکہ اکاؤنٹس کی صورت میں مشترکہ ہولڈر(ز) پر ان کے شیئر ہولڈنگ کے تناسب سے الگ الگ ہوگا۔

اس سلسلے میں تمام ایسے شیئر ہولڈرز جن کے پاس مشترکہ شیئرز ہوں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ بنیادی شیئر ہولڈر کے طور پر شیئر ہولڈنگ کا تناسب اور مشترکہ شیئر ہولڈر(ز) کے طور پر شیئرز کی تفصیلات (اگر پہلے فراہم نہیں کی گئی ہے) ہمارے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر درجِ ذیل کے مطابق فراہم کی جائے:

| کمپنی کا نام | فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | کُل حصص | بنیادی حصص یافتہ | | مشترکہ حصص یافتہ | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا حصہ (حصص کی تعداد) | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا حصہ (حصص کی تعداد) |

اس نوٹس کے بعد ۱۰ دن کے اندر مطلوبہ معلومات ہمارے شیئر رجسٹرار کے پاس لازمی طور پر پہنچ جانی چاہیے؛ بصورتِ دیگر یہ سمجھا جائے گا کہ بنیادی شیئر ہولڈر اور مشترکہ شیئر ہولڈر(ز) کے پاس ایک دوسرے کے مساوی شیئرز ہیں۔

۱۵۔ ایس ای سی پی کے سرکلر نمبر ۱۰ مورخہ ۲۱ مئی، ۲۰۱۴ء کے تحت کسی دوسرے شہر میں رہنے والے ایسے ممبرز جو ۱۰ فیصد یا زائد شیئرز رکھتے ہوں اور ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شرکت کے خواہش مند ہوں تو وہ سالانہ اجلاسِ عام سے ۱۰ روز قبل کمپنی کو اپنا رضامندی فارم ارسال کرسکتے ہیں۔ اس صورت میں کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کا انتظام کرسکتی ہے بشرطیکہ وہاں ایسی سہولت موجود ہو۔ اس سہولت کو حاصل کرنے کے لیے برائے مہربانی درجِ ذیل معلومات شیئر رجسٹرار کے دفتر یعنی فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8-F، نزد فاران ہوٹل، نرسری، بلاک ۶، پی ای سی ایس ایچ، شاہراہِ فیصل کراچی اور ای میل info.shares@famco.com.pk پر ارسال کریں۔

میں / ہم سنوفی۔ایونٹس پاکستان لمیٹڈ کے ممبر(ز) کی حیثیت سے، رجسٹر فولیو نمبر۔۔۔۔۔۔ کے عمومی حصص یافتگان ہیں، بذریعہ ہٰذا ویڈیو کانفرنس کی سہولت (برائے مہربانی شہر کا نام لکھیں) حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں۔

-------------
ممبر کے دستخط

۱۶۔ کسی بھی سوال / مسئلے / معلومات کے لیے، سرمایہ کار حضرات کمپنی سیکریٹری سے فون نمبر: 92 21 35060221 اور ای میل ایڈریس company.secretary@sanofi.com اور / یا فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے فون نمبر 5-021-34380101 اور ای میل ایڈریس: info.shares@famco.com.pk پر رابطہ کرسکتے ہیں۔


**sanofi-aventis Pakistan limited**
Plot 23, Sector 22, Korangi Industrial Area, Karachi-74900.
Tel: +92-21-3506 0221-35, - www.sanofi.com.pk